Home Office

# ڈومیسٹک ہومی سائڈ ریویوز معلومات کتابچہ برائے دوست احباب
# ڈومیسٹک ہومی سائڈ ریویوز کیا ہیں؟

## ڈومیسٹک ہومی سائڈ ریویوز کیا ہیں؟

ڈومیسٹیک ہومی سائڈ ریویوز گھریلو تشّدد کے جوابی اقدامات کو بہتر کرنے کا ایک طریقہ ہیں اور اِن کا مقصد اُس چیز کو وقوع پذیر ہونے سے روکنا ہے جو آپ کے دوست کے ساتھ ہوئی۔ یہ اِس چیز کو یقینی بنانے کی کوشش کریں گے کہ سرکاری ادارے جیسا کہ سوشل سروسز، کونسلز، پولیس اور دوسری سماجی اساس والی تنظیمیں اِس بات کا دارک رکھتی کہ ایسا کیا وقوع پذیر ہوا جس کے نتیجے میں آپ کے دوست موت ہوئی اور اِس بات کی نشاندی کریں کہ کس جگہ ایسی صورتِ حال کے جواب میں کیے جانے والے اقدامات میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ اِس سے سرکاری ادارے تمام تر درست اسباق سیکھنے کی امید رکھتے ہیں بشمول اُن کے جو اِس بات پر اثرانداز ہوتے ہیں کہ وہ کیسے مل کر کام کرتے ہیں۔ اِن نظرِثانی اقدامات کا مقصد موردِالزام ٹھہرانا نہیں ہوگا بلکہ اِس بات پر غور کرنا ہوگا کہ کیا ہوا اور کیا کچھ مختلف ہوسکتا تھا۔ یہ مستقبل میں وقوع پذیر ہونے والی گھریلو تشدد کی صورتِ احوال کے لئے جوابی اقدامات کو بہتر کرنے کے لئے عملی اقدامات کی سفارش بھی کریں گے۔

ڈومیسٹک ہومی سائڈ ریویوز گھریلو تشدد، جرم اور ستم رسیدگان ایکٹ مجریہ 2004 (Domestic Violence, Crime and Victims Act 2004) کا حصّہ ہیں اور یہ 13 اپریل 2011 سے قانون بن گئے ہیں۔ یہ قتل کی عدالتی تحقیقات یا کسی اور طرح کی انکوئری کی جگہ نہیں لیں گے بلکہ اِن کے علاوہ ہوں گے۔

## نظرِثانی کی ذمہ داری کون لے گا؟

مقامی سرکاری اور رضاکار اداروں کے اراکین کی ایک نظرِثانی ٹیم بنائی جائے گی لیکن اِس میں کوئی ایسے سرکاری افسران شامل نہیں ہوں گے جو براہ راست اِس کیس سے وابستہ ہوں۔ نظرِثانی ٹیم اِس بات کا جائزہ لے گی کہ کس طرح گھریلو تشدد کے بارے میں پورے سماج کے جوابی اقدام کو بہتر کیا جاسکتا ہے تاکہ ستم رسیدہ افراد کی بہتر طریقے سے مدد کی جاسکے۔

## اِس نظرِثانی میں آپ کی شمولیت

ہم سمجھتے ہیں کہ دوست احباب، افرادِ خانہ اور دوسرے لوگ جو ظالم اور مظلوم کو جانتے تھے، وہ سب سے مناسب افراد ہیں جو سرکاری افسران کی یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ کیا ہوا تھا۔ ستم رسیدہ افراد اکثر دوستوں کو اُس زیادتی کے بارے میں بتاتے جو اُن کے ساتھ روا رکھی گئی ہو اور کبھی کبھار اپنے مدد حاصل کرنے کے تجربات کے بارے میں بھی بتاتے ہیں۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ دوست احباب سرکاری اداروں کی یہ سمجھنے میں مدد کرسکتے ہیں کہ اِس سانحہ سے کیا اسباق حاصل کیے جاسکتے ہیں، چنانچہ آپ کی بات سنی جانی چاہیے۔

## نظرِثانی میں حصّہ لینا

اگر آپ نظرِثانی میں حصّہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو نظرِثانی ٹیم آپ سے کہے گی کہ آپ اُن کو بتائیں کہ آپ کی سمجھ بوجھ کے مطابق کیا ہوا اور یہ کیوں ہوا۔ اِس میں اِس سانحے کے کسی بھی پہلو کے بارے میں آپ کے خیالات، یادیں اور نقطۂ نظر شامل ہوسکتا ہے۔ نظرِثانی ٹیم اِس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کرے گی کہ جہاں تک ممکن ہو اُن حالات کا ادارک کیا جائے جن کے تحت آپ کے دوست کی موت ہوئی تھی اور اِس علم کو مستقبل میں ہونے والی مزید اموات کو روکنے کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ اِسی سلسلے میں، ہوسکتا ہے کہ آپ کو اُن کوششوں کے بارے میں علم ہو جوکہ آپ کے دوست نے سرکاری ادروں، سماجی تنظیموں اور دوسری جگہوں سے مدد لینے کے لئے کی ہوں کیونکہ بسا اوقات نظرِثانی ٹیم کو اِن تمام روابط کا علم نہیں ہوتا۔ آپ دوسرے افراد کے بارے میں بھی بتاسکتے ہیں جن کے بارے میں آپ کا خیال ہو کہ اُن کو بھی نقطۂ نظر پیش کرنے کی دعوت دی جانی چاہیے۔

آپ اپنے خیالات اور نظریات مندرجہ ذیل میں سے کچھ یا تمام مختلف طریقوں کے ذریعے پہنچا سکتے ہیں:

- تحریر یا ریکارڈنگ کے ذریعے
- فون پر بات چیت کے ذریعے
- نظرِثانی کرنے والے کچھ حضرات کے ساتھ آمنے سامنے ملاقات۔ یہ ملاقات عدالت میں نہیں ہو گی اور آپ سے یہ نہیں کہا جائے گا کہ آپ حلف اٹھانے کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ نظرِثانی کرنے والے حضرات گفتگو کو جاری رکھنے میں مدد دینے کے لئے سوالات کریں گے اور سارا عمل چند گھنٹے یا اُس سے زیادہ نہیں لے گا جب تک آپ حصّہ لینے کے قابل ہوں گے۔

## آپ کی جانب سے مہیا کردہ معلومات کا کیا ہو گا؟

جو معلومات آپ دیں گے وہ نظرِثانی ٹیم کی ایک جامع خاکہ بنانے میں مدد کرے گی کہ قتل سے پہلے کیا ہوا اور اِس طرح یہ ٹیم کی تبدیلی لانے کے بارے میں سفارشات مرتب کرنے میں مدد کریں گی۔ اِن سفارشات کو پھر ایک حکمتِ عملی میں ڈھالاجائے گا۔ آپ کی جانب سے مہیا کردہ معلومات کو صیغۂ راز میں رکھا جائے گا اور نظرِثانی رپورٹ میں آپ کے نام کا ذکر نہیں کیا جائے گا۔

آپ کی اعانت بیش قیمت ہو گی اور ہوسکتا ہے کہ یہ اُس طریقے کو تبدیل کرنے میں معاون ہو جس کے تحت معاشرہ، بشمول سرکاری ادارے، گھریلو تشدد کا شکار ہونے والے افراد کے بارے میں جوابی اقدام کرتے ہیں۔

## نظرِثانی کے عمل میں کتنا وقت لگے گا؟

ڈومیسٹک ہومی سائڈ ریویو کے لئے کسی مدت کا تعین نہیں کیا گیا ہے لیکن یہ امید کی جاتی ہے کہ نظرثانی موت کے تقریباً ایک ماہ بعد شروع کی جائے گی۔ ریویو تقریباً چھ ماہ میں مکمل ہوجانا چاہیے لیکن اِس میں زیادہ وقت بھی لگ سکتا ہے جس کا انحصار انکوئریوں کے نتائج، مثلاً، جرم کرنے والے کے خلاف کسی قسم کی جاری فوجداری عدالتی کارروائی، پر ہوسکتا ہے۔

## نظرِثانی کیا تخلیق کرے گی؟

- ایک تفصیلی رپورٹ اور اِس رپورٹ کا خلاصہ جوکہ ایک سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا
- ایک حکمتِ عملی اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ رپورٹ میں تجویز کردہ سفارشات کو مناسب طریقے سے اگلے مراحل میں لیجایا گیا ہے۔

## اگلے اقدامات

نظرِثانی میں حصّہ لینے کا فیصلہ مکمل طور پر آپ کو خود کرنا ہے اور اگر آپ حصّہ نہیں لینا چاہتے تو آپ کے فیصلے کا احترام کیا جائے گا۔ ہو سکتا ہے کہ ہمیں یہ بتانے کے لئے آپ سے دوبارہ رابطہ کرنا پڑے کہ کب نظرِثانی مکمل ہو چکی ہے۔

اگر آپ حصّہ لینا چاہتے ہوں یا ریویو کے عمل کے بارے میں مزید کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہوں تو برائے مہربانی اِس کتابچے کے ساتھ لف شدہ خط کے دستخط کندہ سے رابطہ کریں۔ یا تو وہ خود آپ کے سوالوں کے جواب دیں گے یا آپ کو اُن لوگوں سے بات کرنے کا کہیں جو آپ کے سوالوں کا جواب دے سکیں گے۔

## مزید معلومات اور اعانت

قومی گھریلو تشدد ہیلپ لائن: 247 2000 0808 یا www.nationaldomesticviolencehelpline.org.uk

مردوں کی مشورہ لائن: 0327 801 0808 یا www.mensadviceline.org.uk

GALOP: 5428 999 0800 یا galop.org.uk

اے اے ایف ڈی اے (ضرر رساں گھریلو تشدد کے بعد وکالت): 07768238692 یا www.aafda.org.uk

نیشنل ہومی سائڈ سروس: 08453030900 یا www.victimsupport.org.uk

**بشکریہ اے اے ایف ڈی اے (ضرر رساں گھریلو تشدد کے بعد وکالت) اور ویمنز ایڈ جنہوں نے ہوم آفس کے ساتھ مل کر یہ کتابچہ مرتب کیا**